## سوال

(748) شیعہ ہمسائے کی طرف سے لغویات سے بھرپور کتابچہ کی استنادی حیثیت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شیعہ ہمسائے نے ایک کتابچہ مجھے لاکر دیا جس میں کئی ایک لغویات کے علاوہ یہ حدیث بھی درج تھی : 'قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا عَلِیُّ اَنْتَ وَشِیْعَتُکَ ہُمُ الْفَائِزُوْنَ ' ''اے علی رضی اللہ عنہ ! تو اور تیرے شیعہ جنتی ہیں۔ ''اس کی استنادی حیثیت سے مطلع فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔ (پروفیسر سعید احمد لکھوی) (۲۳جون ۲۰۰۰ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مشارٌ الیہ روایت کی کوئی اصل نہیں۔ مناقب علی رضی اللہ عنہ میں اکثر روافض کی وضعی روایات ہیں۔ جن کی کوئی اصل نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد : 3، کتاب اللباس : صفحہ : 526

محدث فتویٰ